www.KitaboSunnat.com

ما حصل فقط ۱۰ اپر، غرض دونوں میں ۴۰ کا فرق ہے۔

آپ نے معاشی پیداواری مسائل کو بڑھانے کے لئے قرض لیا، ۲۵۰ ملین ڈالر اس کا سالانہ سود۔ اب آپ سود کی وجہ سے عوامی ضرریات پر ٹیکس بھی لگائیں گے۔ خوراک، پوشاک، کرایہ مکان، بجلی، پانی، سوئی گیس، دوا، معالجہ، سفر خرچ، تعلیمی مصارف برائے نئی نسل۔ ان ساری چیزوں پر ٹیکس کے بھوت کا سایہ پڑگیا۔ تمام خدمات مثلاً غریب آدمی کو تو موچی، دُھنیے، منجی پیڑھی ٹھکائی، کبھی بڑھئی اور مزدور سے مرمت مکان، ان کی اجرتوں میں سود اور ٹیکس شامل۔ لہٰذا آپ کی مزدوری کاشت کی ہے یا کارخانے کی، یا باربرداری کی، بڑھنی ضرور ہے۔

اب جو پیداوار تیار ہوگی، اس میں یہ چیزیں شامل ہوں گی: رسل و رسائل اور دیگر قومی ضرورتوں کے مصارف (عملہ + اجناس) بڑھیں گے۔ اس کا بھی اضافہ کرنا ہوگا۔ نسل افزائی کی وجہ سے بھی معاشیات پر بار پڑے گا۔ حادثات یا جنگیں یا داخلی سیاسی ہڑبونگ، ہڑتالیں وغیرہ بھی کچھ مصارف میں اضافہ یا آمدنی میں کمی کا باعث ہوں گی۔ ادھر معیار زندگی بڑھتا جائے گا بمقابلہ پیداوار کے نہایت تیزی سے۔ یعنی پہلے معیار اور پیداوار میں اگر ۴۰ کا فرق تھا تو چند برس میں ۵۰ کا ہوجائے گا، پھر ۸۰ اور ۱۰۰ کا ہے۔ پیداواری پجاری کیا کریں گے۔ پیداواروں کا اگر مؤثر نقشہ بنا کر کام کیا جاسکے تو یہ طویل المدت منصوبہ ہے، لیکن اس کیلئے کوئی تیار نہیں بلکہ سب کو تو فوری طور پر نجات چاہئے ☆☆

'محدث' ۳۰ برس سے فتنہ انکار حدیث کے خلاف سرگرم عمل ہے، حجیت حدیث پر 'محدث' کی آواز اور استدلال سب سے قوی ہے!...... حدیث نبویؐ کا خصوصی ذوق اور فی زمانہ اس فن کے ماہرین کی تائید اور علمی تعاون 'محدث' کو حاصل ہے......!! الحمد للہ

روایات کے عین مطابق

سود نمبر کی کامیاب پیشکش کے بعد

...... تاریخ ساز اہمیت کا حامل

ماہنامہ محدث لاہور کا انکارِ حدیث نمبر

علومِ حدیث کا خصوصی ذوق رکھنے والے اہل علم ودانش اپنی نگارشاتِ علمیہ جلد ارسال فرمائیں!

مشتہرین حضرات اور اشاعتی ادارے اپنے اعلانات اور اشتہارات کے لئے فوری رابطہ کریں!

فتنہ انکار حدیث کے جدید روپ ...... ماضی، حال اور مستقبل ...... محدثِ جلیل علامہ البانی رحمہ اللہ کا "محدث" کو انٹرویو

...... پرویزیت کی عرب ممالک میں فتنہ پردازیوں پر رپورٹ ...... پرویزیت کے اُصولی نظریات پر علمی تعاقب ......

محدث میں انکار حدیث پر چھپنے والے مضامین کی جامع فہرست ...... نامور علماء کے منتخب مقالات اور بہت کچھ! (ان شاء اللہ)

یہ سب کچھ جاننے کیلئے انکار حدیث نمبر کا ضرور مطالعہ کیجئے جو جلد ہی منظر عام پر آرہا ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے آئندہ شمارہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ